10-10-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ ریاست میں ایل نینو کے اثرات اور بارش پر منحصر زرعی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے چیف منسٹر ریونت ریڈی پیر کو وزراء کے ساتھ خصوصی اجلاس منعقد کریں گے۔

۲۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ ریاست میں اندراماں بیمہ اسکیم کا آئندہ ماہ کی 19 تاریخ سے دوبارہ آغاز کیا جائے گا۔

۳۔ ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ حیدرآباد۔ وجئے واڑہ قومی شاہراہ کو 6+2 لین میں توسیع دینے کے کام جلد شروع کئے جائیں گے۔

اور

۴۔ تلنگانہ کا روایتی تہوار بتکما کے شاندار انداز میں شروع ہوگیا۔ ریاست بھر میں سرکاری اور خانگی دفاتر کے احاطوں میں بتکما کی تقاریب منعقد کی جارہی ہیں۔

Komatireddy

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ حیدرآباد۔ وجے واڑہ قومی شاہراہ کو 6+2 لین میں توسیع دینے کے کام جلد شروع کئے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ 12 ہزار 73 کروڑ روپے کی لاگت سے انجام دئے جانے والے ان کاموں کو پہلے ہی منظوری مل چکی ہے۔ وزیر نے مزید بتایا کہ ریجنل رنگ روڈ کے شمالی حصے میں تقریباً 161 کلومیٹر کے لئے اراضی کے حصول کا عمل مکمل ہو چکا ہے، تاہم مرکزی کابینہ کی منظوری ملنا باقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں اس وقت 25 ہزار کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی کام جاری ہیں۔ کومٹ ریڈی

وینکٹ ریڈی نے بتایا کہ حیدرآباد میں آئندہ ماہ 19 تاریخ سے چار روزہ انڈین روڈ کانگریس (آئی آرسی) کی 85 ویں کانفرنس منعقد کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی آئی آئی ٹی اورانجینئرنگ کالجوں کے طلبہ کوبھی ان مباحثوں میں شریک کیا جائے گا۔

Desk

Tribal

سابق گورنرسی ایچ ودیا ساگرراؤنے طویل عرصے سے زیرالتواقبائلی مسائل پرتبادلہ خیال اوران کےحل کے لئے قبائلی مشاورتی کونسل کا اجلاس منعقد کرنے کی اپیل کی ہے۔اس سلسلہ میں انہوں نے گورنرشیوا پرتاپ شکلا کوایک یادداشت پیش کی۔ ودیا ساگر راؤ نے کہا کہ شیڈولڈ علاقوں میں قبائلیوں کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے۔انہوں نے گورنر سے اپیل کی کہ کونیرو رنگا راؤ کمیٹی کی سفارشات پرعمل آوری، اراضی کی تقسیم کے عمل میں تیزی لانے اوردیگرقبائلی مسائل کوحل کرنے پرخصوصی توجہ دی جائے۔

Desk

Indiramma Bima

تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہاہے کہ ریاست میں اندراماں بیمہ اسکیم کا آئندہ ماہ 19 تاریخ سے دوبارہ آغاز کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ اس اسکیم کے تحت ہرغریب خاندان کو 5 لاکھ روپے کا بیمہ تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ کھمم میں آج کھمم۔ نلگنڈہ۔ ورنگل گریجویٹ ایم ایل سی انتخابات کی تیاریوں سے متعلق منعقدہ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں پیدا ہونا اس اسکیم سے استفادہ کرنے کی بنیادی اہلیت ہوگی۔انہوں

نے واضح کیا کہ ذات، مذہب اور آمدنی کو اہلیت کے معیار کے طور پر نہیں دیکھا جائے گا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے مزید بتایا کہ راجیو یوا وکاس اسکیم کا بھی اسی دن آغاز کیا جائے گا۔ انہوں نے تمام گریجویٹس سے اپیل کی کہ وہ ایم ایل سی انتخابات میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں اور ووٹر کی حیثیت سے اپنا نام درج کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈگری حاصل کرنے والے ہر فرد کو ووٹ ڈالنے کے لئے نئے سرے سے اپنا اندراج کروانا ہوگا۔ اس پروگرام میں وزراء پونگولیٹی سرینواس ریڈی، تملا ناگیشور راؤ اور دیگر نے شرکت کی۔

PTC-Khammam, Desk

Grain Procurement

ضلع جنگاؤں کے ایڈیشنل کلکٹر بین شالوم نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ دھان کی خریداری کا عمل شفاف انداز میں انجام دیا جائے اور خریداری مراکز پر تمام بنیادی سہولتیں فراہم کرنے کے لئے ضروری اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے آج جنگاؤں منڈل کے شاہ میر پیٹ گاؤں میں قائم دھان خریداری مراکز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ ضلع میں دھان کی خریداری کا عمل سب سے پہلے اسی گاؤں میں شروع کیا گیا ہے۔

PTC-Jangaon

Chief Minister

ریاست میں ایل نینو کے اثرات اور بارش پر منحصر زرعی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے چیف منسٹر ریونت ریڈی پیر کو وزراء کے ساتھ خصوصی اجلاس منعقد کریں گے۔ اس کے بعد وہ سکریٹریٹ سے سائنس دانوں کے ساتھ ویڈیو کانفرنس بھی کریں گے۔ ریاست کے چیف سکریٹری سنجے

جاجو نے بتایا کہ چیف منسٹر کسانوں سے بھی بات چیت کریں گے۔انہوں نے ضلع کلکٹروں کو ہدایت دی کہ ریاست میں خشک سالی سے متاثرہ منڈلوں کے بارے میں ابتدائی رپورٹس تیار کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ اس عمل کو محکمہ زراعت کے عہدیداروں کے ساتھ تال میل قائم کرتے ہوئے مکمل کیا جائے۔

Desk

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے الزام عائد کیا ہے کہ کانگریس اپنی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کے لئے انتخابی اداروں سمیت آئینی اداروں کو نشانہ بنا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں 6 نشستوں پر ہونے والے ضمنی انتخابات میں کانگریس کی شکست سے ظاہر ہوتا ہے کہ عوام نے پارٹی کے سینئر لیڈر راہول گاندھی کی منفی سیاست کو مسترد کر دیا ہے۔کشن ریڈی نے کانگریس کو مشورہ دیا کہ وہ حقائق کو تسلیم کرے اور ووٹروں کا احترام کرنا سیکھے۔

Desk

BJP

بی جے پی تلنگانہ کے صدر این رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ مسلسل انتخابی شکستوں سے دوچار کانگریس، الیکشن کمیشن کی جانب سے شفاف طریقہ سے فرضی ووٹوں کو فہرست سے خارج کرنے کے عمل کو برداشت نہیں کر پا رہی ہے۔انہوں نے پارٹی کارکنوں کو ہدایت دی کہ وہ صاف ستھری ووٹر فہرستوں سے جمہوریت کو ہونے والے فوائد اور کانگریس کی جانب سے کی جانے والی مبینہ گمراہ کن تشہیر کے بارے میں عوام میں شعور بیدار کریں۔

Desk

Bathukamma

تلنگانہ کا روایتی تہوار بتکما کے شاندار انداز میں شروع ہوگیا۔ ریاست بھر میں سرکاری اور خانگی دفاتر کے احاطوں میں بتکما کی تقاریب منعقد کی جارہی ہیں۔ 9 دن تک جاری رہنے والے اس پھولوں کے تہوار میں ہر روز ایک خاص نام سے پوجا کی جاتی ہے۔ بتکما تہوار کے موقع پر گورنر شیوا پرتاپ شکلا اور چیف منسٹر ریونت ریڈی نے خواتین کو مبارکباد پیش کی۔ گورنر نے اپنے پیام میں خواہش ظاہر کی کہ گورماں کے آشیرواد سے ہر گھر میں خوشحالی اور مسرت قائم رہیں اور تلنگانہ کی تہذیبی عظمت دنیا بھر میں روشن ہو۔ چیف منسٹر نے کہا کہ خواتین کے وقار اور ریاست کی ثقافتی عظمت کی عکاسی کرنے والے اس پھولوں کے تہوار کو خوشی، جوش وخروش اور اتحاد کے ساتھ منایا جانا چاہئے۔

Desk

Travelers

دسہرہ کی تعطیلات کے پیش نظر اپنے آبائی مقامات جانے والے مسافروں کی بڑی تعداد کے باعث حیدرآباد کے بس اسٹانڈس پر زبردست ہجوم دیکھا جارہا ہے۔ تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن نے مسافروں کی سہولت کے لئے 7 ہزار خصوصی بسوں کا انتظام کیا ہے۔ آر ٹی سی کے مطابق اس ماہ کی 18 تاریخ تک مختلف مقامات کے لئے خصوصی بسیں چلائی جائیں گی جبکہ 20 سے 26 تاریخ کے درمیان واپسی کے سفر کے لئے بھی بسیں دستیاب رہیں گی۔ دریں اثنا ریاستی حکومت نے اسکولوں میں آج سے اس ماہ کی 22 تاریخ تک تعطیلات کا اعلان کیا ہے۔

Desk

PM Surya Ghar

آصف آباد سرکل کے سپرنٹنڈنگ انجینئر اتم جاڑے نے صارفین کو مشورہ دیا ہے کہ وہ مرکزی حکومت کی پی ایم سوریہ گھر اسکیم کے تحت فراہم کی جانے والی سبسڈی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے گھروں میں شمسی توانائی کے پلانٹس نصب کریں۔انہوں نے بتایا کہ اس اسکیم کے تحت ایک کلوواٹ کے سولار پلانٹ کی تنصیب پر 30 ہزار روپے، دوکلوواٹ کے پلانٹ پر 60 ہزار روپے اور اس سے زیادہ صلاحیت والے پلانٹس پر زیادہ سے زیادہ 78 ہزار روپے تک کی سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔انہوں نے صارفین پر زور دیا کہ وہ اس سہولت سے استفادہ کرتے ہوئے برقی کے بلوں میں کمی لائیں۔

PTC-Asifabad

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے نئی دہلی کے ریل بھون میں مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو سے ملاقات کی۔اس موقع پر وزیر ریلوے نے بتایا کہ حیدرآباد سے چینائی، بنگلورو اور پونے کے لئے مجوزہ ہائی اسپیڈ ریل کوریڈورس کی الائنمنٹ کا جائزہ لیا جارہا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ ان منصوبوں کے سلسلہ میں اراضی کے حصول کے لئے ریاستی حکومتوں کو تاحال کوئی باضابطہ تجویز روانہ نہیں کی گئی ہے۔وزیر ریلوے نے کہا کہ ریل کوریڈورس کی الائنمنٹ کو حتمی شکل دئے جانے کے بعد ہی کسانوں اور ریاستی حکومتوں کو مکمل تفصیلات سے واقف کروایا جائے گا۔

Desk

Tummala Nageswara Rao

ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے کھمم میونسپل کارپوریشن کے مختلف ڈویژنس میں نوتعمیر شدہ سی سی سڑکوں اور ڈرینج نظام کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت ہر ڈویژن میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی کو ترجیح دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کی شراکت داری سے ہی شہر کو صاف ستھرا رکھنا ممکن ہے۔وزیر نے عوام کو مشورہ دیا کہ وہ ذات پات اور مذہب سے بالاتر ہوکر آپسی اتحاد اور بھائی چارے کے ساتھ زندگی گزاریں۔

PTC - Khammam

Bhatti Vikramarka

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ 2047 تک تلنگانہ کو 3 ٹریلین ڈالر کی معیشت میں تبدیل کرنے کے لئے سیاحت اور آئی ٹی شعبوں کو اہم کردار ادا کرنا چاہئے۔آئی ٹی کمپنیوں کے سی ای اوز کے ساتھ منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ایکوٹورزم کو فروغ دینے پر زور دیا۔انہوں نے آئی ٹی کمپنیوں سے اپیل کی کہ وہ فیوچر سٹی اور موسیٰ ندی کی بحالی جیسے اہم منصوبوں میں شراکت دار بنیں اور سرمایہ کاری کریں۔

Desk

Chief Minister

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ حیدرآباد میں مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے عوامی ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر بنایا جائے۔انہوں نے پرسنل ریاپڈ ٹرانزٹ نظام کے قیام سے متعلق جائزہ اجلاس میں عہدیداروں کو ہدایت دی کہ کے پی آر

پارک کے اطراف ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کے لئے ایک رخی ٹریفک کے انتظامات میں تیزی لائی جائے۔ چیف منسٹر نے ناگر جنا سرکل فلائی اوور کے کاموں کو ایک سال کے اندر مکمل کرنے کا حکم دیا۔ انہوں نے عہدیداروں کو یہ بھی ہدایت دی کہ ڈیٹا سنٹرس اور صنعتی اداروں میں 500 ایم ایل ڈی ری سائیکل شدہ پانی کے استعمال کو یقینی بنانے کے لئے منصوبہ بندی کے عمل میں تیزی لائی جائے۔

Desk

○○